Ahmad ʿAli Saharanpuri

فتاویٰ میلادِ شریف وغیرہ

Fatāvā milād sharif

از مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری وحضرت مولانا رشید احمد
صاحب محدث گنگوہی مدفیوضہم

بہ تصحیح ونظر ثانی بندہ سید محمد جعفر علی نگینوی مقیم لکھنؤ محلہ بلوچپورہ

ذیقعدہ ۱۳۳۲ھ

مطابق ماہ اکتوبر ۱۹۱۴ عیسوی

باہتمام محمد قادر بخش مالک ومہتمم مطبع

اصح المطابع واقع لکھنؤ طبع شد
محلہ تھوئی ٹولہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوال- مجلس میلاد شریف بکدام طریق جائز ست و بکدام صورت ناجائز بلا روی و ریا بیان باید کرد

جواب- ذکر ولادت شریف پیغامبر ما رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ و اصحابہ الف الف تحیۃ و سلام بروایات صحیحہ در اوقاتیکہ از وظائف واجبہ خالی باشند بکیفیاتیکہ خلاف طریقہ صحابہؓ و اہل قرون ثلثہ نباشد و بعقائدیکہ توہم شرک و بدعت را دران گنجائش نباشد و باآدابیکہ مخالف سیرت صحابہ کہ از مصداق ما انا علیہ و اصحابی بیرون نرود بمجلسیکہ خالی باشد از مکروہات شرعیہ باعث خیر و موجب برکت است بشرطیکہ بصدق نیت و اخلاص باشد و در عقیدہ از جملہ اذکار حسنہ و مندوبہ غیر مقیدہ بوقت من الاوقات باشد پس کسے را از اہل اسلام نمی دانم کہ این چنین ذکر را غیر مشروع و یا بدعت پندارد و اللہ اعلم آرے بعض اوقات التزام بعض امر مستحب چنان کردہ میشود کہ عملاً بثبوت واجب مینماید و با اینہمہ اگر اعتقاد فاعلش بوجوب آں نیست در حق او بدعت نخواہد شد لیکن ہر گاہیکہ اینچنیں امر بوجہ اصرار و تکرار بار بار باعث لزوم در اعتقاد عوام میگردد پس اکنون ترک آں مستحب ست چہ جائیکہ اکثر عوام و بعض علمای علوم الدنیا کہ از حقیقت سنت و بدعت حظی وافر ندارند آں مستحب را مثل واجب و فرض در عمل آرند بلکہ تارکش را در اعتقاد خود بدتر ازاں شمارند کہ تارک جماعت صلوۃ باشد و پس و پیش ملوم و مذموم شرعی دانند درین وقت لازم است کہ این مستحب را ترک کنند و بجائے آں بدیگر وظیفہ مستحب و عملے از اعمال شرعیہ مندوبہ مثل صلوۃ و سلام بر نبی صلی اللہ علیہ وسلم و تسبیح و تقدیس و تہلیل و غیرہ از نوافل صلوۃ و صوم و اذکار بخلوت مشغول شوند چنانچہ در حدیث صحیحین و غیرہ از عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ از اجلہ صحابہ و ملازم صحبت و خدمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم در حضر و سفر از پیشوای قرّاء صحابہ کبار اند و در مذہب حنفیہ استدلال بقول و فعل اوشان اکثر است مروی است لا یجعل احدکم للشیطان شیئاً من صلوتہ یری ان حقا علیہ ان لا ینصرف الا عن یمینہ لقد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثیراً ینصرف عن یسارہ متفق علیہ اوردہ فی المشکوۃ فی باب الدعاء فی التشہد قال صاحب المجمع فی صفحہ ۲۴۴

واستنبط منه ان المندوب ینقلب مکروها اذا خیف ان یرفع عن رتبته قال الطیبی شارح المشکوٰة فی شرح الحدیث المذکور فیه ان من اصر علی امر مندوب وجعل عزما ولم یعمل بالرخصة فقد اصاب منه الشیطان من الاضلال فکیف من اصر علی بدعة او منکر انتهی یعنی فعل مستحب را واجب دانستن بدعت سیئه است واگر از بجا آوردن مستحب در عقیده عوام وجوب متصور گردد ترک آن مستحب است واین همه در صورتیکه کدام تقیید غیر مشروع یعنی قیدیکه از طرف شارع مقید بآن نباشد زائد کرده نشود واگر زائد کرده شود یعنی مطلق را مقید کرده آید ویا مقید را مطلق کنند یا چیزے بالائے حدیکه در شرع ثابت گشته است افزون نمایند

ع ۵ مثلاً نماز از جانب خداوند جل جلاله مقید بطهارت وستر عورت وجهت استقبال و تعداد رکعات و هیئة معلومه از الله اکبر گرفته تا السلام علیکم آمده اگر نمازیان ازین تحدید وتقیید مطلق گردانند وقرات وتسبیحات را مثلاً از جای آنها بجای دیگر برند ودر تعداد رکوع وسجود وتشهد وغیره تصرف فرمایند کم را زیاده وزیاده را کم نمایند نزد همه اهل اسلام چه خاص و چه عام اینچنین نماز بسبر حد بدعة وتأیید وباوجود اشتمال آن بر قرأت وتسبیحات وتعظیمات قبیح نماید ووجهش همین اطلاق بجائے تقیید باشد چون اینست احکام مطلقه را مثل جهاد وایصال ثواب طعام وقرآن وذکر خدا ورسول الله صلی الله علیه وسلم را که از جانب شارع بالیقین مطلق آمده وتقییدے از قیود معلومه وغیره مقید نیامده بغیر ضرورت باهتمام تمام مقید گردانند بدرجه اولی بدعت باشد چه مضمون احداث فی الدین که حقیقت بدعت است بنسبت اطلاق مقید وتقیید مطلق بیشتر است چه آنجا ایجاد است وایجاد در حقیقت اعلام وپیدا است که افضل ترین مجالس مجلسی است که بغرض بیان عقائد وحقائق ضروریه وتبلیغ احکام وپیام معلومه را انعقاد پذیرفته باشد چه همین بیان وبنیان وتبلیغ احکام مقصود از بعثت رسل علیهم السلام اند درین صورت پر ضرور است که در اول درجه مجلس درس وتدریس ووعظ وپند را شمارند که غرض از آن همین است وبس پس از آن مجلس اخلاق وعادات وافعال نبوی صلی الله علیه وسلم باید انگاشت که آنهم بضم ضمیمه فاتبعونی دلالت بر احکام دارد وپس از آن مجلس ذکر حلیه مبارک را باید انگاشت که ذکر محاسن نبوی صلی الله علیه وسلم مورث محبت نبوی است صلی الله علیه وسلم وآن داعیه قوی است بر اتباع آن حضرت صلی الله علیه وسلم پس از آن مجلس میلاد ووفات را باید دانست چه این مجلس مشتمل بر امریست که هر کس وناکس را از آن ناگزیر نیست نه مخصوص بر انبیاء علیهم السلام است ونه خاص اولیا اکرام ونه دلالت بر احکام دارد ونه احتمال بر پیام فقط اضافه الی المحبوب محبوب میگردد واین امر جدا است که مجالس متفرقه همه در آن شریک اند واگر چیزے درین باب گویند بیش از آن نتوانند که ولادت موجب تذکره نعمت جلیله قدوم محمدیه است که ذریعه نعمت عظمی این دین متین واین آئین گزین گردید وذکر وفات نبوی صلی الله علیه وسلم تذکره داهیه کبری است که بر همه اهل اسلام مصیبتے بالاتر از آن نریخته اند ونخواهند ریخت مگر آنکه مے دانند ودانند که نه تذکره نعما بذات خود محبوب است ونه یاد مصائب بذات خود مطلوب بمقصود اصلی از تذکره نعم شکر است ومطلوب اصلی از یاد بلایا صبر واین هر دو خصلت جمیله را از ادام صبر وشکر ناگزیر است ومیدان این وظیفه مجلس احکام است بالجمله اهل فهم را در فرق مراتب مذکوره تامل است مگر از اهتمام عدم مجالس عقائد واحکام وعادات واخلاق نبی علیه الصلوٰة والسلام وغیره هویدا است که عوام همه را زیر وبالا گردانیده اند وآنچه منقول است که در اول زمان رواج میلاد شریف بعض بزرگان وقت ذکر ولادت برخاسته اند اولاً در خود حجت نیست چه فعل کسی اگر چه بزرگ عالی باشد وهم آن بسی قرون ثلثه قابل اتباع نیست چنانچه مولانا روم می فرماید شعر نیست حجت قول وفعل هیچ پیر * قول حق وفعل احمد را بگیر *

گو زیادتی فی نفسہٖ مستحب باشد یا مباح آنہم از بدعات است چنانچہ در مشکوۃ فی باب العطاس آمدہ ہست
عن نافع ان رجلا عطس الی جنب ابن عمر قال الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ قال ابن عمر وانا اقول الحمد للہ
والسلام علی رسول اللہ ولیس ہکذا علّمناہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم - علمنا ان نقول الحمد للہ علی کل حال
رواہ الترمذی - پس کلمۂ والسلام علی رسول اللہ منجملہ مستحبات مقصودہ اعمال فاضلہ ہست لکن چونکہ با وظیفہ عطس زائد گرد عبد اللہ بن عمر بران انکار کرد پس انعقاد مجلس میلاد باین ہیئۃ کذائیہ متعارفہ اعنی حاضر آوردن شیرینی و ارتکاب تکلفات از فرش و بساط و چراغ و قنادیل وغیرہ آلات روشنی زائد علی الحاجۃ واجتماع صغار و کبار بلکہ زنان و امارد و خواندن اشعار ہائے بسرود و تغنی و روایتہائے بے اصل موضوعہ و مبالغہ و بجہر وقت خواندن صلوۃ و تسلیم و تداعی ہر کس و ناکس بلباسہائے غیر مشروعہ و ریشہای محلوقہ - و با اینہمہ منکرات آنرا مجلس رسول نام نہادن بلکہ محل نزول روح پر فتوح حضرت علیہ الصلوۃ والسلام پنداشتن مشابہ حرکات ناشایستہ رفضۂ فسقہ کہ تمثال روضہ و قبہ حضرات امام حسنین رضی اللہ عنہما ساختن و آنرا مہبط ارواح امامین مرحومین تصور کردن و زیارت تعزیہ را زیارت حضرت حسنین قرار دادن و مثل مرثیہ خوانان جوابے و سلامے مقرر نمودن مستبعد از طریقۂ سنت سنیہ ہست و بکید شیطان مغتر بودن اما ذکر خصائص احوال برکت اشتمال آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام بر طریق مشروع و درود فرستادن بروح پاک آنحضرت و دریافتن صفات و کمالات آں سرور کائنات موجب کثرت برکت و فراوان رحمت و مثمر خیرات دارین و منتج رفعت درجات نشاتین است - رزقنا اللہ و جمیع المومنین برکۃ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ اجمعین آمین **وقیام** عند ذکر الولادۃ ثبوت آں بزمان صحابہ و تابعین و تبع تابعین و ائمہ مجتہدین اصلا نشدہ است و در زمان حیات آں سرور مخلوقات صحابہ رض برای آنحضرت قیام نمیکردند بوجہ آنکہ حضرت را خوش نمی آمد چنانچہ در ترمذی مطبوعہ دہلی صفحہ ۲۱۱ وارد ست
عن انس قال لم یکن شخص احب الیہم من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانوا اذا راوہ لم یقوموا لما یعلمون من کراہیتہ لذلک قال ہذا حدیث حسن غریب - وبعد وفات آنحضرت وجود قیام وقت ذکر ولادت شریف در قرون ثلثہ ثابت نیست پس قیام کردن وقت ذکر ولادت امر محدث است لا اصل لہ در سیرت شامی آوردہ

جرت عادة کثیر من المحبین اذا سمعوا ذکر وضعہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یقیموا لہ تعظیما ہذا القیام بدعة لا اصل لہ انتہی و نیز باید دانست کہ آنانکہ قیام مینمایند برائے اعظام سید الانام نمی کنند بلکہ یکے از لوازمات و شعار مجلس معہودۂ محدثہ ہست چہ اگر برائے تعظیم آن حضرت میکردند موقوف بذکر ولادت نبوی نے بلکہ ہر گاہیکہ ذکر تشریف آوردن حضرت در مسجد و یا در کدام مجلس و یا در وقت قدوم شریف حضرت از سفر غزوہ و حج وغیرہ مقامات آمدے قیام میکردند چہ زمان نبوت افضل تر از زمان ولادت بود۔ علاوہ ازین قیام وقت ذکر ولادت ہم مطلقاً معمول بہ نیست بلکہ مقید است بآنکہ مجلسے مخصوص کہ آنرا مجلس مولود نامند و لوازمات و ہیئت مجلس در آن مرعی و ملحوظ باشند آن وقت قیام ضروری است والا لا مثلاً اگر واعظے بر منبر نشستہ در مجلس وعظ ذکر ولادت شریف بیان کند کسے را از سامعین خیال قیام ہم بخاطر نخواہد گذشت چہ جای قیام پس ازان ہویدا است کہ قیام بنا بر اعظام خیر الانام نیست بلکہ از شعائر و لوازم مجلس است فقط و اہتمام مجلس زیادہ تر از اہتمام نماز جماعت بلکہ نماز با جماعت را و بعض از ایشان نفس صلوة را ہم گذارند لکن حضور مجلس مذکور را واجب تر از نماز دانند اینہمہ از خواہشہای نفسانیہ سر زد می شوند الا ما شاء اللہ و حضور صبیان و نسوان و فساق و تارک صوم و صلوة و تماشا گاہ از کثرت قنادیل وغیرہ آلات روشنی و فروش نفیسہ و گلدستہ ہائی عجیبہ ساختن و تلاش خوانندہ خوش آواز گو امرد و حسین باشد و غزلہای و اشعار پُر سرود و نغمہ خواندن اینچنین مجالس در زمان صحابہ و تابعین و ائمہ مجتہدین گاہے یافتہ نشدہ است حاشا و کلا بلکہ بر چنین مجالس صادق مے آید۔ الذین اتخذوا دینہم لعبا و لہوا و غرتہم الحیوة الدنیا نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیات اعمالنا اللہم اجعلنا من التوابین و من المتطہرین الذین لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون بحرمة النبی المجید و آلہ الامجد بیدک الخیر و انت علی کل شئ قدیر اللہم ارنا الحق حقا و الباطل باطلا آمین حررہ احمد علی سہارنپوری۔

للہ در المجیب اللبیب علی سعیہ فی اثبات ما وجد اصلہ یعنی ذکر مولد سیدنا و نبینا صلی اللہ علیہ وسلم بالوجہ المختار عند العلماء الربانیین و ابطال مالم یوجد لہ دلیل مثبت ولا وجود لہ فی القرون الثلثة المقرونة بالخیر یعنی قیام الحاضرین عند ذکر ولادة الشریفة علی الہیئة المخصوصة و قیام القاری و کونہ علی المنبر و قرءة الاشعار المغنیة وغیر ذلک من المفسدات المقربات

(محمد یعقوب علی عفی عنہ)
۱۲۶۰

وللہ در البحر الامام الہمام حیث اتی بتقریر انیق فی مولد سید الانام علیہ و علی آلہ و اصحابہ التحیۃ والسلام وبیان رشیق عند ذکر ولادۃ الشریفۃ فی القیام الذی لا یاتیہ الباطل من خلفہ ولا من بین یدیہ وارجو من اللہ جل جلالہ ان یعطیہ اجرا جزیلاً من لدیہ و انا العبد المسکین غلام مصطفےٰ بجنوری عفی اللہ عنہ زلاتہ وسیئاتہ ہذا جواب ینطق بالصواب و یدعو الناس الی السنۃ والکتاب یغلق ابواب الافراط والتفریط و یسد مسالک الخداع والتغلیط کیف لا والمجیب المصیب جلیل دہرہ نبیل عصرہ لیس لہ مثیل و لا عدیل خصہ اللہ تعالیٰ لترویج احادیث رسولہ الذی بعثہ الی الخلق بالبرہان والدلیل و انا العبد المذنب الضعیف المفتقر الی رحمۃ ربہ القوی محمد ابراہیم اسلم الحنفی البریلوی اصاب المجیب۔

محمد امیر باز خان
واعظ جامع مسجد سہارنپور

یہ ترجمہ اصل فتویٰ فارسی سے کیا گیا ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال مجلس مولود شریف کی کس طریق سے جائز ہے اور کس صورت میں ناجائز ہے بدون رعایت اور بلا ریا کے بیان کرنا چاہیے جواب ذکر کرنا پیدائش شریف ہمارے پیغمبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ الف الف تحیۃ و سلام کا جو صحیح صحیح روایتوں کے ساتھ ایسے وقتوں میں کہ وظائف واجبہ سے خالی ہوں اور ایسی کیفیتوں کے ساتھ کہ جو خلاف طریقہ صحابہ اور اہل قرون ثلثہ کے نہوں اور ایسے عقیدوں کے ساتھ کہ جنمیں شرک و بدعت کے وہم کو بھی گنجایش نہو اور ایسے آداب کے ساتھ کہ جو مخالف خصلت شریف صحابہ رضی اللہ عنہم کے نہوں تا کہ مصداق ما انا علیہ و اصحابی سے باہر نہو جاوے اور ایسی مجلس اور محفل میں ہو کہ جو منکرات شرعیہ سے خالی ہو ایسا ذکر باعث خیر اور موجب برکت کا ہے بشرطیکہ صدق نیت اور اخلاص سے ہو اور عقیدہ میں وہ منجملہ اور اذکار حسنہ مندوبہ کے کہ جو کسی وقت خاص کیساتھ مقید نہیں ہیں شمار کیا جاوے پس ہم کسی کو اہل اسلام میں سے نہیں جانتا کہ ایسے ذکر کو غیر مشروع و یا بدعت جانے (اور اللہ تعالیٰ توسب سے بڑا خبردار ہے) ہاں بعض اوقات التزام بعض امر مستحب کا ایسا کیا جاتا ہے کہ از روی عمل مثل واجب کے معلوم ہونے لگتا ہے اور باوجود اسکے اگر اعتقاد اُسکے وجوب کا فاعل کو نہو تو اُسکے حق میں وہ بدعت نہ ہوگا

لیکن جبکہ یہی امر مستحب بوجہ اصرار و تکرار بار بار کے عوام کے ذہن اور اعتقاد میں باعث لزوم اور وجوب کا ہو جاوے اور عوام اُسکو واجب جاننے لگیں تو اُسوقت ایسے امر مستحب کا چھوڑ دینا خود مستحب ہو جاتا ہے چہ جائیکہ اکثر عوام اور بعض علماء کہ جو دنیا کے علوم میں مصروف ہیں اور حقیقت سنت اور بدعت سے پورا بہرہ اور حصہ نہیں رکھتے ہیں وہ تو اس مستحب کو مثل واجب اور فرض کے عمل میں لاتے ہیں بلکہ اُسکے چھوڑنے والیکو اپنے اعتقاد میں نماز کی جماعت چھوڑنے والے سے بھی زیادہ برا سمجھتے ہیں اور آگے پیچھے اُسکو ملوم و مذموم شرعی جانتے ہیں ایسے وقت میں لازم ہے کہ اس مستحب کو چھوڑ کے بجائے اُسکے کسی دوسرے مستحب قطعیہ اور عمل کیطرف کہ جو اعمال شرعیہ مندوبہ میں سے مثل درود سلام کے اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور مثل سبحان اللہ کہنے اور خدا تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے اور لا الٰہ الا اللہ کہنے کے اور سوائے اسکے جو نوافل روزہ نماز میں سے ہو تنہائی میں مشغول ہوویں۔ چنانچہ روایت کی ہے بخاری اور مسلم وغیرہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ جو بڑے صحابہ جلیل الشان میں سے ہیں اور حضر اور سفر میں ملازم صحبت اور خدمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رہے ہیں اور پیشواؤں قراء صحابہ کبار سے ہیں اور جنکے قول و فعل سے استدلال مذہب حنفیہ میں بہت ہے وہ فرماتے ہیں کہ تم لوگ کہیں ایسا کام نکر بیٹھو کہ تمہاری نماز میں سے کچھ حصہ شیطان کیواسطے ہو جاوے کہ بس داہنی ہی طرف کے مڑنے کو اپنے اوپر لازم و ضروری سمجھ لو ایسا کام نہ کیجیو اسواسطے کہ بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بائیں طرف بھی مڑتے ہوئے بہت دفعہ دیکھا ہے اتفاق ہے اس حدیث پر مسلم اور بخاری کا۔ لایا ہے اسکو صاحب مشکوٰۃ بیچ باب دعا کے تشہد کے بیان میں کہا صاحب مجمع البحار نے صفحہ ۲۴۴ میں کہ نکل آئی اس حدیث سے یہ بات کہ بیشک امر مستحب مکروہ ہو جاتا ہے جسوقت خوف ہو اپنے رتبہ سے نکلجانیکا طیبی شارح مشکوٰۃ حدیث مذکور کی شرح میں بیان فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو شخص امر مندوب و مستحب پر ایسا اصرار کرے کہ اُسکو واجب اور لازم کرلے اور کبھی جواز اور رخصت پر عمل نہ کرے تو بیشک ایسے شخص کو شیطان نے گمراہ کیا پس جو شخص خود بدعت یا خلاف شرع پر اصرار کریگا اُس کا تو کیا ٹھکانا ہوگا ختم ہوا کلام طیبی کا یعنی فعل مستحب کو واجب جاننا بدعت سیئہ ہے اور اگر مستحب کے بجالانیسے

عوام الناس اپنے عقیدوں میں واجب سمجھنے لگیں تو چھوڑنا اُسکا مستحب ہے اور یہ بھی ہے کہ کوئی قید غیر مشروعہ یعنی ایسی قید کہ شارع کی طرف سے مقید اُسکے ساتھ نہو زیادہ کی جاوے اور اگر زیادہ کیجاویگی یعنی مطلق کو مقید یا مقید کو مطلق کریں یا کوئی چیز حد شرعی پر کہ ثابت نہیں ہوئی ہے زیادہ کریں گو زیادتی فی نفسہ بجائے خود اپنی ذات سے مستحب ہووے یا مباح یہ بھی بدعات سے ہے جیساکہ مشکوٰۃ میں بروایت ترمذی باب العطاس میں لایا ہے کہ عن نافع ان رجلا الخ الحدیث رواہ الترمذی یعنی روایت ہے امام نافع سے جو شاگرد ہیں عبد اللہ بن عمر جلیل الشان صحابی رضی اللہ عنہ سے کہ وہ فرماتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے سامنے ایک شخص نے چھینک کر یہ الفاظ پڑھے کہ الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ ابن عمر نے اُسپر انکار فرمایا اور کہا کہ کیا میں یہ کلمات پڑھونگا۔ کہ الحمد للہ والسلام علی رسول اللہ۔ حالانکہ ہمکو نہیں سکھائے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بلکہ اُس شفیق امت نے سکھلایا ہمکو کہ کہا کریں ہم بروقت چھینکنے کے الحمد للہ علی کل حال۔ روایت کیا اسکو ترمذی نے پس مقام غور کا ہے کہ کلمہ والسلام علی رسول اللہ حالانکہ فی نفسہ منجملہ مستحبات مقصودہ کے اور اعمال ذی فضیلت سے تھا لیکن چونکہ چھینکنے کے وظیفہ پر یہ کلمات زائد کہے گئے اسواسطے عبد اللہ بن عمر نے اُسپر انکار فرمایا۔ پس ثابت ہوا کہ مجلس مولود کو جیساکہ اس زمانہ میں اس ہیئت کذائیہ مشہورہ کے ساتھ مروج ہے یعنی حاضر کرنا شیرینی اور طرح طرح کے تکلفات کا مرتکب ہونا جیسے فرش وفروش قالین وغیرہ اور چراغ اور قندیل و فانوس وغیرہ سامان روشنی زائد علی الحاجت اور مجتمع ہونا اور خلط ملط ہونا چھوٹوں بڑونکا بلکہ عورتوں اور امرد لڑکوں کا اور پڑھنا اشعار کا رنگین اور پڑھنا روایتوں موضوعہ کا جو بالکل بے اصل ہیں اور بیدین طالب الدنیا لوگوں نے روپیہ کمانیکے واسطے اُنکو گھڑ کر عوام الناس کے تسخیر کرنے کے لئے اپنی بات کو چکنی چپڑی کرنا چاہا ہے اور مبالغہ کرکے زور سے پڑھنا صلوٰۃ وتسلیم کا اور ہر ایک کس و ناکس کو اُس میں بلانا خواہ وہ لوگ لباس اور پہناوے بُرے اور خلاف شرع کے پہنے ہوئے ہوں اور خواہ ڈاڑھی منڈائے ہوئے ہوں اس بات کا کچھ خیال نکرنا اور عجب ہے اور پھر عجب ہے کہ باوجود ان باتوں خلاف شرع کے اُس مجلس کو مجلس رسول کہنا اور اسکا یہی نام رکھنا بلکہ اُس مجلس کو محل نزول روح پُرفتوح حضرت علیہ السلام کا سمجھنا پس ایسی مجلس مولود جو مشابہ ہے حرکات نالائق رفضیوں فاسقوں

کے مثل بنانے روضہ و قبہ حضرات امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے ہیں کہ وہ اُسکو جائے نزول ارواح اماماین مرحومین کا تصور کرتے ہیں اور زیارت تعزیہ کو بعینہ زیارت حضرت حسین رضی کی قرار دیتے ہیں اور مثل مرثیہ خوانوں کے جوابی اور سلامی مقرر کرنا ایسی مجلس مولود کہ حقیقت میں اُسکو مجلس شیطان کہنا چاہئے بالکل بعید طریقہ سنت بلند ہے اور شیطان کے دھوکے اور کید و مکر میں فریب کھانا ہے لیکن ذکر خالص احوال برکت اشتمال اُس حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جو موافق شرع شریف کے ہو اور درود بھیجنا روح پاک آنحضرت علیہ السلام پر اور بیان کرنا اور معلوم کرنا صفات اور کمالات آں سرور کائنات علیہ التحیات کا موجب کثرت برکت اور زیادتی رحمت کا اور باعث زیادتی نیکیوں دو جہان کا اور دینے والا بلندی درجات کونین کا ہے کہ نصیب کرے اللہ ہمکو اور کل مومنین کو برکت سے سردار رسولوں کے کہ درود ہو جیو اللہ کا اُن پر اور سلامتی اور اُن کے آل و اولاد پر اور دوستوں پر اور سب پر آمین۔ یا اللہ دعا کو قبول فرما۔

اور باقی رہا قیام کہ جو بیان پیدائش کیوقت کیا جاتا ہے سو اُسکا ثبوت زمانہ میں صحابہ و تابعین و تبع تابعین اور اماموں مجتہدین کے بالکل نہیں ہوا ہے اور بلکہ اُس سرور مخلوقات کی خود حیات میں صحابہ آپکی لئے قیام نہیں کرتے تھے کیونکہ آپکو اُنکا کھڑا ہونا برا لگتا تھا اور ایسے تکلفات کو آپ پسند نہیں فرماتے تھے جیساکہ ترمذی مطبوعہ دہلی کے صفحہ ۱۱۲ میں وارد ہے عن انس رضی اللہ تعالی عنہ قال لم یکن الخ یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے زیادہ کوئی محبوب اور دوست نہ تھا باوجود اسکے جب حضرت کو دیکھتے تو قیام نہ کرتے کیونکہ جانتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُسکو ناپسند اور مکروہ فرماتے ہیں اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن اور غریب ہے۔ اور بعد وفات آنحضرت کے پایا جانا قیام کا بوقت بیان پیدائش شریف کے قرون ثلثہ میں ثابت نہیں ہے پس قیام کرنا وقت ذکر پیدائش کے ایک امر جدید ہے کہ جسکی کچھ اصل نہیں۔ سیرت شامی میں لایا ہے کہ اکثر دوستوں کی عادت جاری ہوگئی ہے کہ جسوقت ذکر پیدائش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سنتے ہیں تو آپکی تعظیم کیلئے قیام کرتے ہیں اور حالانکہ یہ قیام بدعت ہے کہ جسکی کچھ اصل نہیں ہے انتہی اور یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ جو لوگ قیام کرتے ہیں وہ واسطے تعظیم سید الانام علیہ السلام کے نہیں ہے بلکہ یہ بھی ایک لوازمات مجلس معلومہ مذکورہ محدثہ سے ہے اور اُسکے شعار سے ہے اسواسطے کہ اگر وہ لوگ صرف واسطے تعظیم آنحضرت کے کرتے تو موقوف وقت بیان ولادت

پر نہوتا۔ بلکہ جیسے ذکر آپ کے تشریف لانیکا مسجد میں یا کسی مجلس میں یا ذکر تشریف آوری آنحضرت کا سفر جہاد
و حج وغیرہ مقامات سے آتا تو ضرور قیام کرتے کسواسطے کہ زمانہ نبوت کا زمانہ ولادت سے زیادہ افضل تھا علاوہ
اسکے قیام مطلقاً پیدایش کے ذکر کے وقت کوئی نہیں کرتا بلکہ مقید کر رکھا ہے اُسکو ایسی مجلس کے ساتھ کہ جسکو
مولود کی مجلس کہتے ہیں اور لوازمات اور ہیئت مجلس کی اُس میں رعایت ملحوظ رکھتے ہیں اُسوقت اُس قیام کو
ضروری جانکر کرتے ہیں ورنہ نہیں دیکھو اگر کوئی واعظ منبر پر بیٹھ کر درمیان مجلس وعظ کی ذکر پیدایش شریف کا
بیان کرنے لگے تو کسی سننے والے کو قیام کا خیال تک بھی نہیں گذرتا چہ جائیکہ خود قیام پس اسی تجربہ سے ظاہر
اور اسی عملدرآمد سے معلوم ہوا کہ قیام واسطے اعظام و تعظیم خیر الانام کے نہیں ہے بلکہ صرف شعار دل و لوازم مجلس سے
ہے اور اہتمام اور تیاری مجلس کی جماعت کی نماز کی طیاری اور اہتمام سے زیادہ سمجھتے ہیں بلکہ نماز جماعت کو
تو کیا بعض آدمی خود نفس نماز کو چھوڑ دیتے ہیں گر نہ چھوڑیں تو اس مجلس کے آنے کو نہ چھوڑیں اور اسمیں
حاضر ہونیکو واجب اور لازم نماز سے زیادہ جانتے ہیں اور یہ سب نفس کی خواہشوں سے سرزد ہوتی
ہیں الا ماشاء اللہ اور حاضر ہونا لڑکوں کا اور عورتوں کا اور فاسقوں چھوڑنے والے نماز روزہ کا۔ اور
تماشا گاہ بنانا اُس مجلس کو بوجہ کثرت قندیلوں وغیرہ سامان روشنی اور فرشوں نفیس اور گلدستوں عجیب
کے اور پڑھنے والے خوش آواز کو تلاش کرنا گو وہ امرد لڑکا بے ریش حسین ہو اور غزلوں اور شعروں کا راگنی
اور نغمہ میں پڑھنا۔ پس ایسی مجلسیں زمانہ میں صحابہ اور تابعین اور اماموں مجتہدین کے کبھی نہیں پائی گئی
ہیں۔ حاشا کلا۔ ہرگز نہیں بالکل نہیں بلکہ ایسی مجلسوں پر صادق آتی ہے یہ آیت فرقانی کہ الذین اتخذوا دینہم
لعبا ولہوا وغرتہم الحیوۃ الدنیا یعنے جن لوگوں نے بنالیا اپنا دین کھیل اور کود کو اور دھوکا دیا اُنکو زندگانی دنیا
نے۔ پس یہ آیت ایسی ہی مجلسونکے حق میں ہے پناہ مانگتے ہیں ہم اللہ کی رحمت کیساتھ اپنے نفسونکی شرارتوں
اور اپنے عملونکی بدیوں سے یا اللہ کر دے داخل ہمکو فرقہ توابین میں کہ جو گناہوں سے دور ہٹتے ہیں اور اللہ تعالیٰ
سبحانہ کی طرف رجوع ہوتے ہیں اور داخل کر ہمکو جماعت متطہرین میں کہ جو پاک صاف ظاہر و باطن میں
رہتے ہیں کہ جنپر نہ خوف ہے اور نہ وہ لوگ قیامت کو رنج کرینگے بحرمت نبی محمد برگزیدہ کے اور
آل انکی امجد کے۔ اے اللہ تیرے ہی ہاتھ میں ہے بھلائی اور تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

اے اللہ جو بات حق ہے اُسکو حق دکھلا اور جو باطل ہے اُسکو باطل دکھلا۔ آمین قبول فرما اس عرض کو۔

(حررہ احمد علی سہارنپوری) یعنی یہ جواب حضرت مولانا احمد علی صاحب محدث نے ارقام فرمایا ہے۔

واہ سبحان اللہ کیا اچھا جواب مولانا مجیب لبیب نے عنایت الٰہی سے دیا ہے اور اللہ ہی کیواسطے اِس کی بھلائی ہے۔ فی الحقیقت خوب کوشش کی اِس بات میں کہ جو بات حق تھی اور اصل اُسکی پائی جاتی تھی تو حق کہا اُسکو اور ثابت کیا یعنی ذکر ولادت سیدنا و نبینا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسے طریقہ سے جو علمائے ربانیین کے نزدیک مختار اور پسندیدہ ہے اُسکا ثبوت کیا اور جو بات ناحق اور باطل اور محض گھڑی ہوئی بے اصل تھی اور نہ اُسکا وجود قرون ثلثہ مشہورہ بالخیر میں تھا اور نہ اُسکے ثبوت کی کوئی دلیل تھی اُسکو بالکل رد اور باطل کر کے جڑ سے اُکھاڑ دیا کہ وہ قیام کرنا حاضرین کا ہے نزدیک ذکر ولادت شریف کے ہیئتہ مخصوصہ کیساتھ کہ پڑھنے والے کا کھڑا ہونا اور اُسکا ایک اونچی جگہ تمیز پر ہو کر اشعار کا راگنی میں پڑھنا اور سوائے اسکے مفسدات ہیں جو کہ اُس میں مقرر ہیں اُنکا بجا لانا سو مولانا نے اُنکو بالکل رد کر دیا اور مثل نصف النہار کے بدیہی البطلان اُسکو کر دیا۔ [محمد یعقوب علی عفی عنہ]

اللہ ہی کیواسطے ہے بھلائی اُن امام ہمام عالم دانا پیشوا برے کی کہ اُنھوں نے بیان ہیں ذکر ولادت سید الانام علیہ و علی آلہ و اصحابہ التحیۃ والسلام کے وبیان میں قیام کرنے کے خاص ذکر ولادت شریفہ کے کیا عمدہ تقریر انیق و بیان رشیق فرمایا ہے کہ جسکے پاس بھی باطل کو گذر نہیں ہوتا اور میں اُمید رکھتا ہوں اللہ تعالیٰ کی ذات پاک سے کہ وہ مولانا مجیب کو اجر جزیل اور ثواب جمیل اپنے پاس سے عنایت فرماویگا اور میں بندہ اللہ کا مسکین غلام مصطفےٰ بجنور کا رہنے والا ہوں اللہ تعالیٰ میری لغزشوں اور برائیوں کو معاف فرماوے۔ [غلام مصطفےٰ عفی عنہ]

اس جواب سے آواز صواب کی آرہی ہے اور لوگوں کو کتاب اللہ و سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بلا رہا ہے اور افراط و تفریط کے دروازے کو بند کر رکھا ہے اور روزن اور رستے مکر او مغالطون کے بند کر رہا ہے اور پھر کس طرح نہو حالانکہ مجیب مصیب اُسکا اپنے زمانہ کا جلیل ہے اور اپنے وقت کا نبیل۔ عالم والا اور محدث ذیشان ہے کہ نہ اُسکا کوئی مثل ہے اور نہ کوئی عدیل خاص کیا اُسکو اللہ تعالیٰ نے واسطے رواج دینے حدیثوں اُس رسول کے کہ جسکو بعوث کیا اللہ تعالیٰ نے طرف خلق کے ساتھ دلیل واضح اور برہان روشن کے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

اور میں بندہ گنہگار ضعیف اپنے پروردگار قوی کی رحمت کا محتاج ہوں محمد ابراہیم حنفی مذہب بریلی کا رہنے والا ہوں۔ اصاب المجیب۔ مجیب نے ٹھیک جواب دیا سچا۔

محمد امیر باز خاں ۱۲۸۷ھ
واعظ جامع مسجد سہارنپور

استفتاء

یہ استفتاء حضرت مولانا مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی مدظلہم العالی سے درباب عدم جواز مجلس مروجہ میلاد شریف کے کیا گیا اسکی نقل بعینہ مع سوال کے کیجاتی ہے **سوال** مجلس مولود شریف میں ذکر پیدائش حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت تعظیماً کھڑے ہونے کا رواج جو اس وقت میں ہو رہا ہے اس کھڑے ہونے کو واجب سمجھنا درست ہے یا نہیں اور اگر واجب نہیں ہے تو واجب کا فتوے دینے والا گنہگار ہے یا نہیں اور اگر گنہگار ہے تو کس درجہ کا ہے؟

الجواب وقت ذکر میلاد شریف کے کھڑا ہونا قرون ثلثہ میں کہیں ثابت نہیں ہوتا جناب فخر عالم علیہ السلام کے سیر اور حالات اور ذکر حالات اُن قرون میں بطریق وعظ و تدریس و مذاکرہ و تحدیث ہزارہا بار ہوتا تھا مگر کسی روایت میں ثابت نہیں ہوا کہ بوقت ذکر ولادت کوئی کبھی کھڑا ہوا ہو یا کہیں فخر عالم علیہ السلام نے اسکا استحباب یا ادب کچھ کسی طرح ارشاد فرمایا ہو۔ یہ بات کہ خود جناب علیہ الصلوٰۃ والسلام کیواسطے کوئی کھڑا ہوا خارج بحث ہے اور اسکا قیاس اُسپر محض جہالت ہے۔ کلام اس میں ہے کہ آپ کے ذکر ولادت پر جیسا معمول سفہائے زمانہ کا ہے کہیں ثابت ہووے تو یہ ہرگز ہرگز ثابت نہیں ہو سکتا۔ پس اولاً تو یہی حجت اُسکی بدعت غیر اصل ہونیکو کافی ہے اور جب اُسپر اسقدر غلو ہووے کہ عوام جہال اُسکو واجب جاننے لگیں اور تارک پر ملامت کریں تو خواہ مخواہ منکر اور بدعت سیئہ ہو جائیگا یہ تو ایک امر محدث ہے اگر کسی امر ثابت جائز کو بھی عوام واجب سمجھنے لگیں وہ بھی ناجائز منکر ہو جاتا ہے عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ لایجعل احدکم للشیطان شیئا من صلوتہ یری ان حقا علیہ ان لاینصرف الا عن یمینہ لقد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثیرا ینصرف عن یسارہ متفق علیہ وقال العلی القاری فی شرح المشکوۃ فی شرح ہذا الحدیث من اصر علی امر مندوب وجعلہ عزما ولم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ الشیطان من الاضلال فکیف من اصر علی بدعۃ ومنکر انتہی اور فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے وما یفعل عقیب الصلوۃ مکروہ لان الجہال یعتقدونہا سنۃ وواجبۃ۔ وکل مباح یودی الیہ فمکروہ انتہی پس اولاً تو یہی ثابت ہو چکا کہ اس قیام کا ثبوت ہی کہیں احادیث و آثار سے قولاً و فعلاً و تقریراً ہرگز کہیں نہیں ہو سکتا تو یہ امر خود محدث

ہے ثانیاً اگر فرضاً کچھ ہو بھی جاوے تو واجب سنت مستحب تو کسی طرح نہیں ہو سکتا کیونکہ واجب وہ عمل ہے کہ نص قطعی الثبوت ظنی الدلالۃ سے یا ظنی الثبوت قطعی الدلالۃ سے ثابت ہووے اور یہاں قیام کے باب میں کوئی نص بھی نہیں نہ قوی نہ ضعیف اور سنت اُس حکم کو کہتے ہیں کہ مواظبت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یا خلفاء راشدین کی اُس پر ثابت ہووے اور قیام کے باب میں جب کچھ ثبوت ہی نہیں اور فعل اسکا ایک بار بھی ثابت نہیں تو سنت کیا مستحب و مندوب بھی نہیں ہو سکتا۔ نہایت الامر اگر کوئی غرق دریا ہی کہے تو جواز اباحت تک نوبت آویگی مگر مباح کو سنت و واجب جاننے سے پھر بدعت و منکر ہو جاویگا جیسا کہ قول ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور ملا علی قاری رحمۃ اللہ اور روایت عالمگیریہ سے واضح ہو گیا۔ بہرحال اس قیام کو واجب کہنا حرام ہے اور کہنے والا فاسق مرتکب کبیرہ کا ہے کیونکہ جس فعل کو شارع منع فرماوے وہ اُسکو واجب کہتا ہے تو محض مخالفت شریعت غرا کی ہوئی۔ قال اللہ تعالیٰ ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین لہ الھدیٰ ویتبع غیر سبیل المؤمنین نولہ ما تولیٰ ونصلہ جہنم وساءت مصیرا۔ ترجمہ جو شخص مخالفت کرے رسول کی بعد ظاہر ہونے ہدایت کے اور تابع ہو غیر راہ سب مومنوں کے ہم حوالہ کرینگے اُسکے جسکو اُسنے لیا اور داخل کرینگے ہم اُسکو جہنم میں اور بُرے ٹھکانے پہنچا۔ الحاصل قیام وقت ذکر ولادت کی یا یہ وجہ ہے کہ یہ لوگ کسی روایت موضوعہ کو سند جواز کرتے ہیں یا کسی قول یا فعل کسی بزرگ سے متمسک ہوتے ہیں سو معلوم ہو چکا کہ موضوعات اور اقوال و افعال بزرگان سے ندب و جواز ثابت نہیں ہوتا جب تک کوئی دلیل شرعی نہووے تو ایسی صورت میں ہرگز ندب وغیرہ کا ثبوت نہیں اور جو بزعم خود وہ ثابت جانتے ہیں تو تاہم درصورت واجب و موکد جاننے کے بدعت ہو جاویگا۔ یا یہ وجہ ہے روح پاک علیہ السلام کی جو عالم ارواح سے عالم شہادت میں تشریف لائی اُسکی تعظیم کو قیام ہے تو یہ بھی محض حماقت ہے کیونکہ اس وجہ میں قیام کرنا وقت وقوع ولادت شریفہ کے ہونا چاہیے اب ہر روز کونسی ولادت مکرر ہوتی ہے پس یہ ہر روز اعادہ ولادت تو مثل ہنود کے ہے کہ سانگ کنھیا کی ولادت کا ہر سال کرتے ہیں یا مثل روافض کے ہے کہ نقل شہادت اہل بیت ہر سال بناتے ہیں۔ معاذ اللہ سانگ آپ کی ولادت کا ٹھہرا اور یہ خود حرکت قبیحہ قابل لوم و حرام و فسق ہے۔ بلکہ یہ لوگ اُس قوم سے بڑھکر ہوئے وہ تاریخ معین پر کرتے ہیں اور انکے یہاں کوئی قید نہیں جب چاہیں یہ خرافات فرضی بناتے ہیں اور اس امر کی شرع میں کہیں نظیر نہیں کہ کوئی امر

فرضی ٹھہرا کر حقیقت کا معاملہ اُسکے ساتھ کیا جاوے بلکہ یہ شرع میں حرام ہے لہٰذا اسوجہ سے یہ قیام حرام ہوا اور موجب تشابہ کفار و فساق کا ٹھہرا یا یہ تیسری وجہ ہے کہ اِن مبتدعین کے زعم فاسد میں روح پر فتوح علیہ الصلوٰۃ کی اس مجلس پر شرارت محل معاصی اور غیر مشروعات اور مجمع فساق و فجار و محفل بدعات و شرور میں تشریف لاتی ہے معاذ اللہ تو اگر یہ عقیدہ ہے کہ آپ عالم غیب ہیں تو یہ عقیدہ خود شرک ہے۔ قرآن میں ہے وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها الا هو الخ ولو كنت اعلم الغيب لاستكثرت من الخير وما مسني السوء الخ یعنی اللہ ہی کے پاس ہیں کنجیں غیب کی سوائے اُسکے انکو کوئی نہیں جانتا الخ اور اگر میں جانتا غیب کو تو بہت کچھ ذخیرہ خیر کا کر لیتا اور بُرائی مجھکو نہ چھوتی الخ۔ پس یہ عقیدہ قیام کرنا خود شرک ہو گیا اور جو عالم غیب نہیں کہتے مگر دوسری دلیل وجہ تشریف آوری کی ہے تو خوب سمجھ لو کہ باب عقاید میں نص قطعی واجب ہے آحاد ظنیات سے امر عقیدہ کا ثبوت ہرگز نہیں ہو سکتا چہ جائیکہ ضعاف و موضوعات سے تو باب تشریف آوری میں کونسی روایت قطعی ہے جسپر یہ عقیدہ کیا جائے تو بس یہ عقیدہ محض اتباع ہوا و کید شیطان ہے ایسی صورت میں یہ قیام باین زعم گناہ کبیرہ ہو جاویگا۔ الحاصل یہ قیام صورت اولیٰ میں بدعت منکرہ اور دوسری میں حرام و فسق تیسری صورت میں کفر و شرک چوتھی صورت میں اتباع ہوا کبیرہ ہوتا ہے پس کسی وجہ سے مشروع و جائز نہیں پھر اُسکو واجب کہنا صریح مخالفت شارع کی کرکے کافر و فاسق ہونا ہے بچانا اللہ تعالیٰ فقط واللہ تعالیٰ اعلم اور ضمن تقریر سے اہل فہم کو یہ بھی واضح ہو گیا کہ خود یہ مجلس میلاد ہمارے زمانہ کی بدعت منکرہ ہے اور شرعاً کوئی صورت جواز اسکے کی نہیں ہو سکتی واللہ الهادی الی سبیل الرشاد فقط کتبہ الراجی رحمۃ ربہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

الجواب صحیح	الجواب صحیح	الجواب صحیح والمجیب مصیب	الجواب صحیح
محمد حسن ۱۲۸۸	محمد علی رضا عفی عنہ	محمد اسمٰعیل عفی عنہ گنگوہی	امیر حسن عفی عنہ گنگوہی

الجواب صحیح حق بلا ریب کانہ سیف قاطع عنق المبتدعین المتعصبین — احمد علی

الجواب صحیح ثابت متعلق بالشرع — عنایت الٰہی عفی عنہ سہارنپوری

حاشیہ ۱؎ چنانچہ شیخ عمر بن محمد نے ۶۰۰ ہجری میں اس بدعت سیئہ کو شہر موصل میں ایجاد کیا اور ابتدا اس عمل منکر کی اُسی سے ہی ہوئی پھر چند عالموں طالب الدنیا اور چند امیروں بدعت دوست نے اس شخص مذکور کا اس امر میں اقتدا کیا اور بدعت کو بڑا رواج دیا اور سب میں بڑا ان امیروں مبتدعین میں سے بادشاہ شہر اربل کا ملک مظفر ابو سعید کوکری تھا جیسا کہ کہا امام احمد بن محمد بن بصری مالکی نے کتاب قول معتمد میں وهذا قد اتفق علماء المذاهب الاربعة علی

ذم العمل به ومن بذمه العلامة معز الدين حسن الخوارزمي قال في تاريخه ان صاحب اربل الملك المظفر ابو سعيد الكوكري
كان ملكا مسرفا يامر علماء زمانه ان يعملوا باستنباطهم واجتهادهم وان لا يتبعوا المذهب غيرهم حتى مالت اليه جماعة من العلماء
وطائفة من الفضلاء ويحتفل المولد النبي صلى الله عليه وسلم في الربيع الاول وهو اول من احدث من الملوك هذا العمل و
قال ابو الحسن علي بن الفضل المقدسي المالكي في كتابه جامع المسائل ان عمل المولد لم ينقل من السلف الصالح وانما احدث
بعد القرون الثلثة في الزمان الطالح ونحن لا نتبع الخلف فيما اهمل السلف لانه يكفي بهم الاتباع فاي حاجة لنا الى
الابتداع - ترجمہ اور باوجود اسکے چاروں مذہب کے عالموں نے اتفاق کیا ہی اسبات پر کہ یہ عمل مولود کا بالکل
مذموم اور مردود ہی منجملہ اُن علماء کے ایک بہت بڑے عالم علامہ زماں معز الدین حسن خوارزمی ہیں وہ اپنی کتاب
تاریخ میں فرماتے ہیں کہ اربل کا بادشاہ ملک مظفر ابو سعید کوکری ایک بادشاہ مسرف تھا اپنے وقت کے علماء کو
حکم دیتا تھا کہ تم لوگ اپنے قیاس اور اجتہاد پر عمل کرو اور کسی دوسرے مذہب کی پیروی نہ کرو یہانتک کہ اُسکا اثر ہوا
کہ ایک گروہ عالموں کا اور ایک جماعت فاضلوں کی اُسکی طرف متوجہ ہو گئی اور یہ بادشاہ مجلس مولود ربیع الاول کے
مہینے میں کیا کرتا تھا اور اول اسی بادشاہ نے بادشاہوں میں سے اس عمل مولود کو نکالا اور رواج دیا اور کہا امام ابو الحسن علی
ابن الفضل مقدسی مالکی نے اپنی کتاب جامع المسائل میں کہ عمل مولود کا نہیں منقول ہی سلف صالح میں سے بلکہ بعد قرون
ثلثہ کے بُرے لوگوں کے زمانہ میں یہ امر ایجاد کیا گیا ہے اور جس کام کو پہلے لوگوں نے نہیں کیا ہی اُسمیں ہم پچھلے لوگوں کی تابعداری نکرینگے کیونکہ
ہمکو اگلے لوگوں کا اتباع کافی و وافی ہی پس کیا حاجت ہی ہمکو نئے کام بدعت نکالنے کی یا اُسپر عمل کرنیکی ۔ ابو ایوب غفر اللہ الذنوب

سوال کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مولود خوانی و مدح سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم
ایسی ہیئت سے کہ جس مجلس میں امردان خوش الحان خواننده ہوں و زیب و زینت و شیرینی و روشنی ہای کثیرہ اور رسول
مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اشعار میں مخاطب حاضر ہوں جائز ہی یا نہیں؟ اور قیام وقت ذکر ولادت صلعم کے جائز ہی یا نہیں
اور حاضر ہونا مفتیان کا ایسی مجلس میں جائز ہے یا نہیں اور نیز بروز عیدین و پنجشنبہ وغیرہ کے آب و طعام سامنے
رکھ کر اُسپر فاتحہ وغیرہ ہاتھ اُٹھا کر پڑھنا اور ثواب اُسکا اموات کو پہنچانا جائز ہی یا نہیں اور نیز بروز سوم میت کے
لوگوں کو جمع کر کے قرآن خوانی و کلمہ طیبہ چنے پھول پر سبع پنج آیت کے و شیرینی تقسیم کرنا بحدیث نبوی صلعم جائز
ہے یا نہیں؟ **جواب** انعقاد محفل میلاد اور قیام وقت ذکر سید الثقلین آنحضرت صلعم کے قرون ثلثہ سے ثابت

نہیں ہوا پس یہ بدعت ہے اور علیٰ ہذا القیاس بروز عید یعنی غیرہ عیدین و پنجشنبہ وغیرہ میں فاتحہ مروجہ ہاتھ اُٹھاکر
پایا نہیں گیا۔ البتہ نیابتاً عن المیت بغیر تخصیص ان امور مرقومہ سوال کے للہ مساکین و فقرا کو دیکر ثواب پہنچانا
اور دعا و استغفار کرنے میں امید منفعت ہے اور ایسا ہی حال سوم و دہم و چہلم وغیرہ اور پنج آیت اور چنون اور شیرینی
وغیرہ کا عدم ثبوت حدیث اور کتب دینیہ سے ہے خلاصہ یہ کہ بدعات مخترعات ناپسند شرعیہ ہیں۔ حسبنا اللہ
بس حفیظ اللہ زر شرفت سیاہ گوئین شد۔ بطفیل نبی آلہی بخش محمد محمود ۱۲۹۶ مدرس اول دیوبند

الجواب صحیح کتبہ محمد امین عفی عنہ شریف حسین دہلوی ۱۲۹۳ زاحمد سید ابو المجاہد محمد سعید ۱۲۹۲ ۱۲۹۵ الجواب صحیح محمد محمود دیوبندی عفی عنہ محمد یعقوب

محمد احسن صدیقی محمد عبد الحمید ۱۲۹۳

اصاب المجیب احمد حسن۔ ہذہ المسئلۃ صحیح و منکرہ فضیح محمد مراد عفی عنہ۔ جوابات سب صحیح ہیں قال رسول اللہ صلعم ۱۲۹۰
کل بدعۃ ضلالۃ و کل ضلالۃ فی النار حسن علی عفی اللہ عنہ۔ جواب ہذہ المسئلۃ صحیحۃ کتبہ فقیر محمد عبد الخالق دیوبندی
عفی عنہ۔ اصاب من اجاب۔ ناظر حسن عفی عنہ دیوبندی۔ این مسایل حق اند نزد فقیر۔ محمد موسیٰ۔ الجواب صحیح
محمد ابو الحسن عفی عنہ۔ حضرت کی نسبت یہ اعتقاد رکھنا کہ جہاں مولود پڑھا جاتا ہے وہاں تشریف لاتے ہیں شرک
ہے ہر جگہ موجود خدا تعالیٰ ہے اللہ سبحانہ نے اپنی صفت دوسرے کو عنایت نہیں فرمائی۔ واللہ اعلم عبد الجبار عمر پوری عفی عنہ
مدرس مدرسہ مطلع العلوم میرٹھ۔ ایسی مجلس ناجائز ہے اور اس میں شریک ہونا گناہ ہے اور خطاب جناب فخر عالم
علیہ السلام کو کرنا اگر حاضر ناظر جان کر کرے کفر ہے ایسی محفل میں جانا اور شریک ہونا ناجائز ہے اور فاتحہ بھی
خلاف سنت ہے اور سیوم بھی کہ یہ سب ہنود کی رسوم ہیں۔ البتہ ثواب پہنچانا اموات کو بلا قید روا ہے اس کا
مضائقہ نہیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم رشید احمد عفی عنہ گنگوہی۔ البتہ یہ امور شرع سے ثابت نہیں ہوئے احمد حسن
عفی عنہ مدرس ثانی سہارنپور۔ بعد الحمد و الصلوٰۃ کے ہویدا ہو کہ التزام مجالس میلاد بلا قیام و روشنی و تقاسیم شیرینی و
تیودات لایعنی کی ضلالت سے خالی نہیں ہے و علیٰ ہذا القیاس سوم و فاتحہ بر طعام کہ قرون ثلثہ میں نہیں پائی گئی۔

چنانچہ ملا علی قاری فرماتے ہیں قال الطیبی فیہ من اصر علی امر مندوب وجعل عزماً ولم یعمل بالرخصۃ فقد اصاب منہ

الشیطان من الضلال فکیف من اصر علی بدعۃ او منکر ہذا محل تذکر الذین یصرون علی الاجتماع فی الیوم الثالث
للمیت و یرونہ ارجح من الحضور للجماعۃ ونحوہ پس ایسے مقامات میں اتقیا کیا عوام مومنین کو بھی شامل ہونا جائز
نہیں کیونکہ ان امور کے بدعت ہونے میں کوئی شک نہیں۔ محمد امیر باز خان۔ اور اسکا ثبوت احادیث سے واضح ہے

عزیز حسن عفی عنہ امور مذکورہ میں شامل ہونا جائز نہیں ہے کیونکہ یہ امور منکرات سے ہیں مشتاق احمد۔

نقل عبارت فتویٰ مجلس مولود مع مواہیر علمائے دہلی

یہ مجلس جو متعارف ان شہروں میں ہے بدعت اور مکروہ ہے اسلئے کہ کوئی دلیل دلائل شرعیہ یعنی کتاب و سنت و قیاس اور اجماع امت سے اسکے ثبوت پر قائم نہیں ہے اور جو امر کہ ایسا ہو وہ بدعت سیئہ اور نامشروع ہوتا ہے اور ادنیٰ درجہ بدعت سیئہ اور غیر مشروعہ کا مکروہ ہے۔ قال ابن الحاج فی المدخل ومن جملۃ ما احدثوہ من البدع مع اعتقادہم ان ذلک من اکبر العبادات واظہار الشعائر ما یفعلونہ فی شہر ربیع الاول من المولد وقد احتوی ذلک علی بدع ومحرمات انتہی و قال تاج الدین فاکہانی فی رسالتہ لا اعلم لہذا المولد اصلاً فی کتاب ولا سنۃ ولا ینقل عملہ عن احد من العلماء الائمۃ الذین ہم القدوۃ فی الدین المتمسکون بآثار المتقدمین بل ہو بدعۃ احدثہا البطالون وشہوۃ نفس اعتنی بہا الآکلون۔ انتہی۔ ترجمہ کہا امام ابو عبداللہ بن الحاج نے بیچ کتاب مدخل کے کہ منجملہ اُن بدعتوں کے جنکو لوگ اپنی طرف سے ایجاد کرتے ہیں اور باوجود اُسکے اُنکو بہت بڑی عبادات اور رسوم اسلام کی سمجھتے ہیں ایک یہ ہے کہ ماہ ربیع الاول میں مجلس مولود شریف کی کرتے ہیں اور حالانکہ یہ کتنی ہی بدعتوں اور حرام باتوں کو شامل ہے ختم ہوا کلام ابن حاج کا۔ اور کہا امام الائمہ شمس الائمہ امام تاج الدین فاکہانی نے اپنے رسالہ میں کہ نہیں جانتا میں اس مجلس مولود کی کچھ اصل کتاب و سنت میں اور نہیں نقل کیا گیا کرنا اسکا کسی سے علماء امت میں سے جو کہ پیشوائے دین اور چنگل مارنے والے ہیں ساتھ آثار اگلوں کے بلکہ یہ بدعت ہے ایجاد کیا اسکو بیہودہ لوگوں نے اور خواہش نفسانی ہے کہ ارادہ کیا اُس کا نکڑ گدوں پیٹ کے کتوں بہت کھانیوالوں نے۔ نجانا اللہ منہم واعاذنا اللہ من شرورہم۔ آمین بچائے اللہ ہمکو اُن لوگوں سے اور پناہ میں رکھے ہمکو اُنکی شرارتوں سے آمین۔ جواب صحیح است حسبنا اللہ بس حفیظ اللہ۔ عبد الرب محمد ۱۲۶۶ھ

مہر مولوی عبد الرب واعظ دہلوی بانی جامع مسجد زینۃ المساجد سید محمد نذیر حسین محدث دہلوی

فقیر خواجہ ضیاء الدین احمد دہلوی

مہر نواب قطب الدین خان صاحب دہلوی محمد قطب الدین ۱۲۷۴ھ

الجواب صحیح محمد قطب الدین عفی عنہ بن قاضی محمد سراج الدین مرحوم ساکن سکندر آباد کما قال استادی مخدومی مولوی اولاد حسن قنوجی۔ مجلس مولود جو ایجاد ہے - یہ بھی بدعت سے غرض آباد ہے۔

الجواب صحیح عبد الحمید عفی عنہ | الجواب صحیح محمد صدیق پشاوری | اصاب من اجاب محمد حسین ساکن تیترون ضلع سہارنپور | ہذا الجواب صحیح عبد الرزاق | المجیب مصیب محمد اسمٰعیل

ہذا الجواب مع الاسناد صحیح امیدوار مغفرت غفار سرفراز علی غفر اللہ لہ جواب صحیح است العبد المسکین محمد عبد القادر ساکن ضلع انبالہ
ہذا الجواب صحیح چنانچہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی جناب مرشدنا و مخدومنا قدس سرہ در مکتوب دویست و
ہفتاد و سوم کہ بمرزا حسام الدین صدور یافتہ تحریر میفرمایند در حق مولود حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کہ مرزا حسام الدین
استفسار بآنحضرت کردہ بود خلاصہ عبارت این است کہ بنظر انصاف ببینند کہ اگر فرضاً حضرت ایشان درین
زمان در دنیا زندہ میبودند و این مجلس و اجتماع منعقد می شد آیا باین امر راضی میشدند و این اجتماع را می پسندیدند
یا نہ یقین فقیر آنست کہ ہرگز این معنی را تجویز نمی فرمودند بلکہ انکار می نمودند مقصود فقیر اعلام بود قبول کنند یا نہ کنند
انتہی کلامہ۔ العبد محمد مسعود نقشبندی مجددی ہکذا وجدت فی مکتوب الامام الہمام قدس سرہ فاستمع انہ الحق مبین
ومنکرہ لمن الضالین و نحن علی ذلک من الشاہدین انا العبد اذل الثقلین محمد حسین پنجابی بٹالوی۔ ترجمہ یہ
جواب صحیح ہے چنانچہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی جناب مرشدنا و مخدومنا قدس سرہ اپنے مکتوب دو سو
تہتر دیں میں جو کہ مرزا حسام الدین کے نام صادر ہوا تھا اور مجلس مولود کے باب میں مرزا حسام الدین نے جو حضرت
مذکور سے سوال و استفسار کیا تھا اُسکا جواب اُس میں تحریر فرماتے ہیں خلاصہ جواب کا یہ ہے کہ نظر انصاف سے
دیکھیں کہ اگر فرضاً حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس زمانہ میں دنیا میں زندہ ہوتے اور اس مجلس اور اجتماع
کو کہ منعقد ہوتا ہے دیکھتے آیا اس امر سے آپ راضی ہوتے اور اس اجتماع کو پسند فرماتے یا نہ۔ اور یقین فقیر کا
تو یہ ہے کہ ہرگز اس امر کو آپ جائز نہ فرماتے بلکہ انکار کرتے اور برا سمجھتے مقصود فقیر کا اس لکھنے سے پہنچانا اور جتلانا
حکم کا ہے آگے چاہو قبول کرو یا نہ کرو۔ پورا ہوا کلام اُنکا۔ العبد محمد مسعود نقشبندی مجددی۔ اسیطرح پایا میں نے
مکتوب امام ہمام قدس سرہ میں پس کان لگا کر سُن لے اس حکم کو اور مان لے اسکو یہی حق ہے بیشک اور منکر اسکے
بدعت ہونیکا البتہ گمراہوں میں سے ہے اور ہم بھی اسکے بدعت ہونے پر گواہ ہیں۔ العبد اور نام مجھ کمترین ثقلین کا محمد حسین
ہے رہنے والا بٹالہ ملک پنجاب کا ہوں فقط سوال کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں
اگر کوئی امام مسجد عرس و میلہ میں جاتا ہو اور راگ مزامیر سنتا ہو اور اُسکو اچھا بھی کہتا ہو تو ایسے شخص کے پیچھے نماز ہوتی ہے
یا نہیں اور جو شخص راگ وغیرہ کو سنتا ہے مگر اُسکو اچھا نہیں سمجھتا ہے تو ایسے شخص کو امام مسجد بنانا اور اُسکے پیچھے نماز پڑھنا
شرع محمدی میں جائز ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔ الجواب یہ خود ظاہر ہے کہ عرس کرنا اور عرس میں

جانا درست نہیں قاضی ثناء اللہ نے تفسیر مظہری میں عرس کو منع لکھا ہے۔ لا یجوز ما یفعله الجهال بقبور الاولياء والشهداء من السجود والطواف واتخاذ السرج والمساجد اليها ومن الاجتماع بعد الحول كالاعياد ويسمونه عرساً اور مزامیر کا سننا بھی ممنوع ہے۔ حرمت مزامیر کتب احادیث و فقہ و قرآن شریف سے ثابت ہے اور یہ مجمع فساق و فجار کا ہے جو شخص ایسے مجمع میں شریک ہوویگا وہ فاسق اُن جیسا ہوویگا گو وہ مرتکب اُن افعال کا نہو مگر تکثیر اور مصداق بقوله عليه السلام من كثر سواد قوم فهو منهم کا بنیگا۔ پس ایسے شخص کا امام بنانا نہیں چاہیے کہ صالح آدمی کو امام مقرر کرنا چاہیے واللہ اعلم وعلمہ اتم۔ کتبہ الراجی رحمۃ ربہ القوی پیر محمد پھانپوری عفی عنہ ۔ صد شکر کہ من پیر محمد دارم

الجواب صحیح رشید احمد گنگوہی — الجواب صحیح عنایت الٰہی مدرس سہارنپور

الجواب صحیح اور تماشا ہی عرس میلہ کی اور جو چیزیں اُسکے اندر ہوئی ہیں اُنکی ممانعت احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ فرمایا لا تجعلوا قبري عيدا لکھا صاحب مجمع اور طیبی نے معنے اسکے یہ ہیں کہ مت بناؤ زیارت قبر میری کو عید یعنی مت جمع ہو تم میری قبر کی زیارت کے لیے ایسے اہتمام سے کہ جیسے تم عید کیلئے جمع ہوتے ہو کیونکہ وہ دن کھیل اور خوشی اور زینت کا ہے اور حال زیارت کا خلاف اسکے ہے یعنے زیارت میں چاہیے کہ رنج اور عاجزی اور خوف خدا ہو نہ کہ خوشی و زینت ہو کیونکہ یہ عادت تھی اہل کتاب کی سوا اسی سبب سے ہوگئے وہ سخت دل اور یہی عادت تھی بت پرستوں کی یہانتک کہ اُنھوں نے پوجا مردوں کو انتہی اور فرمایا لعن الله زائرات القبور والمتخذين عليها السرج والمساجد یعنی اللہ کی لعنت ہے زیارت کرنیوالیوں عورتوں پر اور اُن لوگوں پر جو رکھتے ہیں قبروں پر چراغ اور کرتے ہیں اُنکو سجدہ اور حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے مکتوب صد و شصت جلد اول اپنے مکتوبات میں لکھا ہے وحكي عن ابي نصير الدبوسي عن القاضي ظهير الدين الخوارزمي من سمع الغناء من المغني وغيره او رای فعلا من الحرام فيحسن ذلك باعتقاد او بغير اعتقاد يصير مرتدا في الحال بناء على انه ابطل حكم الشريعة ومن ابطل حكم الشريعة فلا يكون مومنا عند كل مجتهد ولا يقبل الله تعالىٰ طاعته واحبط الله كل حسناته۔ یعنی حکایت کیگئی ہے ابو نصیر دبوسی سے۔ اُنھوں نے قاضی ظہیر الدین خوارزمی سے کہا جسنے سنا راگ ڈوم یا کسی مجرد عطائی سے یا دیکھا کسی کام حرام کو پس اُس راگ یا کام حرام کو اچھا کہتا ہے اعتقاد سے یا غیر اعتقاد سے پس یہ شخص ہو جاویگا مرتد اُسیوقت کیونکہ اُسنے باطل کر دیا حکم شریعت کو وہ نہیں ہیگا مومن کسی مجتہد کے نزدیک

اور نہیں قبول کریگا اللہ تعالیٰ عبادت اُسکی کو اور مٹادیگا ہر نیکی اُسکی انتہیٰ - ترجمہ کلام امام ربانی پس اگر یہ شخص اِن واہیات عرس و میلہ کو اچھا جانتا ہے تو اُسکے ایمان ہی میں خلل ہے پھر نماز اُسکے پیچھے کیسے جائز ہوگی واللہ اعلم

کتبہ الضعیف محمد امیر باز خاں واعظ جامع مسجد سہارن پور

الجواب حسن صحیح
ناظر حسن عفی عنہ دیوبندی

والحق احق ان یتبع
ثابت علی عفی عنہ

جواب صحیح ہے
مشتاق احمد ١٢٨٢

الجواب صحیح محمد یعقوب النانوتوی عفی عنہ
محمد یعقوب ١٢٩٠ھ

الجواب صحیح
ابو الحسن

محمد امیر باز خاں ١٢٨٧
واعظ جامع مسجد سہارنپور

الجواب حق فماذا بعد الحق الا الضلال
عبد الجبار عمرپوری عفی عنہ

سوال کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اِن دو مسئلہ میں مسئلہ اوّل یہ ہے کہ جناب مولوی محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم جو ہمراہ جناب سید احمد صاحب مرحوم براہ خداوند کریم شہید ہو گئے تھے انکو مردود کہنا اور بے ایمان کافر کہنا مذہب جناب امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ میں درست ہے یا نہیں - اور اگر نادرست ہے تو مردود اور بے ایمان اور کافر کہنے والا گنہگار کس درجہ کا ہے مسئلہ ثانی یہ ہے کہ جو کتاب تقویۃ الایمان کہ مشہور ہے اُس میں آیات اِلٰہی و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ترجمہ جناب مولوی محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم یا دیگر کسی عالم نے کیا ہے وہ کتاب اچھی سمجھ کر اپنے پاس رکھنے سے کافر ہوتا ہے یا نہیں؟ **الجواب** - جواب مسئلہ اولیٰ کا یہ ہے کہ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب عالم صالح مفتی بدعت کے قلع کرنیوالے سنت کے جاری کرنے والے اور قرآن و حدیث پر پورا پورا عمل کرنے والے اور خلق کو ہدایت کرنے والے تھے تمام عمر اسی حال میں رہے اور آخر جہاد میں کفار کے ہاتھ سے شہید ہوئے پس جسکا ظاہر حال ایسا ہوئے وہ ولی اور شہید اور جنتی ہے حقتعالیٰ فرماتا ہے - ان اولیاءہ الا المتقون - ترجمہ نہیں اولیاء اللہ مگر متقی - سو موافق اس آیت کریمہ کے مولوی صاحب ممدوح ولی ٹھہرتے ہیں اور حسب فحوائے حدیث من قاتل فی سبیل اللہ فواق ناقۃ وجبت لہ الجنۃ کے وہ شہید جنتی ٹھہرے - پس جو کوئی ایسا ہو کہ ساری عمر تقویٰ کیساتھ رہے اور فی سبیل اللہ شہید ہوئے وہ قطعی اہل جنت ہے - اور ولی و شہید ہے ایسے شخص کو مردود کہنا خود مردود ہونا ہے اور ایسے مومن کو کافر کہنا خود کافر ہونا ہے حق تعالیٰ فرماتا ہے من عادیٰ اولیائی فقد آذنتہ بالحرب ترجمہ جسنے عداوت کی میرے ولی سے تو میں اُسکو اطلاع کرتا ہوں اپنی لڑائی کرنیکی - پس دیکھو خدا تعالےٰ سے لڑائی کرنیوالا کون ہوتا ہے بہر حال ایسے

عالم مقبول کو مردود و کافر کہنا سب ائمہ کے نزدیک قریب کفر کے ہی اور حق یہ ہی کہ مولوی صاحب سے اہل بدعت کو اسواسطے عداوت ہی کہ اُنھوں نے بدعات کو اُکھاڑا اور بدعتیوں کے بازار کو بے رونق کر دیا اسلیے سب و شتم کرتے ہیں جیسا روافض شیخین اور اہل سنت میں سے شاہ عبد العزیز صاحب اور اہل تصنیف رد روافض کو لعن کرتے ہیں سو مولوی محمد اسمٰعیل صاحب کو لعن کرنیوالے ملعون ہیں کہ حدیث میں ہی جو کوئی کسی کو لعن کرتا ہی اگر وہ محل لعن نہیں تو کرنیوالے پر لعنت اُلٹکر آتی ہی اور معلوم ہوچکا ہی کہ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب مہبط رحمت الٰہی ہیں تو بالضرور لعنت کرنیوالے اُنکے ملعون ہیں و اللہ تعالیٰ اعلم

جواب سوال دوم

کتاب تقویۃ الایمان نہایت عمدہ کتاب ہی اور رد شرک و بدعت میں لاجواب ہے استدلال اُسکی بالکل کتاب اور احادیث سے ہی اُسکا رکھنا اور پڑھنا اور عمل کرنا عین اسلام ہی اور موجب اجر کا ہی اُسکے رکھنے کو جو کُفر کہتا ہی خود یا کافر ہے یا فاسق بدعتی ہی اگر اپنے جہل سے کوئی اس کتاب کی خوبی کو نہ سمجھے تو اُسکا قصور فہم ہے کتاب اور مؤلف کتاب کی کیا تقصیر ~ گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ؛ چشمۂ آفتاب راچہ گناہ - بڑے بڑے عالم اہل حق اُسکو پسند کرتے ہیں اور رکھتے ہیں - اگر کسی گمراہ نے اُسکو بُرا کہا تو وہ خود ضال اضل ہی فقط و اللہ تعالیٰ اعلم - کتبہ الراجی رحمۃ ربہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ - الجواب صحیح محمد حسن الجواب صحیح محمد علی عفی عنہ

الجواب صحیح و المجیب مصیب محمد اسمٰعیل عفی عنہ گنگوہی | الجواب صحیح امیر حسن گنگوہی عفی عنہ | الجواب صحیح ثابت موافق بالشرع عنایت الٰہی عفا عنہ سہارنپوری

ہذا الجواب صحیح حق بلا ریب کانہ سیف قاطع عنق المبتدعین و المتعصبین - احمد علی

عبارت فتوی مولوی عبد الرب صاحب واعظ دہلوی

مولوی اسمٰعیل حاجی شہید فی سبیل اللہ مہاجر الی اللہ کا حال جو اپنے والد ماجد مولوی محمد عبد الخالق مرحوم اور علماء سے جو سُنا گیا وہ ایسا نہیں ہی کہ یہ صفحہ قرطاس اُسکی تحریر کو وفا کرے حضرات کو اُنکے اشتیاق میں یہی کہتے سُنا ~ وہ صورتیں الٰہی کس ملک بستیاں ہیں ؛ اب جنکے دیکھنے کو آنکھیں ترسئیاں ہیں - اور اُنکے وصف قرآن شریف اور حدیث سے ثابت اور ظاہر ہوتے ہیں ان الذین آمنوا والذین ہاجروا وجاہدوا فی سبیل اللہ اولئک یرجون رحمۃ اللہ واللہ غفور رحیم - پھر ایسے شخص کو جو کافر کہے وہ ضال خسران وضلال

یقین ہے۔ ینبغی لہ ان یتوب بعدہ عوا ان یتوب اللہ علیہ۔ مہر عمدۃ الواعظین مولوی عبد الرب صاحب دہلوی محمد یعقوب
جو کوئی مولوی اسمٰعیل صاحب جیسے کامل کو کافر کہتا ہے وہ خود کافر ہے اور مصداق ہے حدیث من عادی لی ولیاً
فقد بارزنی بالمحاربۃ فقط | محمد اکبر علی خان | مہر عبد القادر دہلوی | ہو القادر وخلاق الخیر
مولوی اسمٰعیل صاحب کو کافر کہنے والے کا کفر رجوع کرتا ہے طرف اُسیکے محمد عبد الحکیم ساکن عظیم آباد پٹنہ مکفر مولوی اسمٰعیل
صاحب کا خود کافر ہے حررہ خادم حسین عفی عنہ ساکن اعظم گڈھ۔ مکفر مولانا مولوی محمد اسمٰعیل صاحب کا خود کافر ہے
حررہ عبد المشتاق الی اللہ الہادی الاحد المدعو بہ بخشش احمد القاضی فوے عفی عنہ بخشش احمد قاضی فوری مکفر
مولوی اسمٰعیل صاحب کا خود کافر مردود ہے تقویۃ الایمان سراسر خلاصہ قرآن و حدیث ہے۔ حررہ محمد اسد علی
متوطن اسلام آباد در اضلاع کلکتہ صدر۔ اسد علی مکفر مولوی اسمٰعیل صاحب کا خود کافر ہے۔ راقم سید
محمد ابراہیم غفر اللہ ساکن ہاپڑ فقط۔

واضح ہو کہ مجھکو درباب کرنے میلاد شریف و قیام بوقت پیدایش آنسرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم تردد رہتا
تھا آیا کرنا چاہیے یا نہیں لیکن دیکھنے فتوی مولوی احمد علی صاحب محدث سہارنپوری و مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اور
تحریر ابو الحسن علی ابن الفضل مقدسی مالکی کی سے کہ وہ اپنی کتاب جامع المسائل میں لکھتے ہیں کہ عمل مولود کا منقول نہیں ہے
سلف صالحین سے بلکہ بعد زمانہ قرون ثلثہ کے بُرے لوگوں کے زمانہ میں یہ امر ایجاد کیا گیا ہے ہم پچھلے لوگوں کی تابعداری
نہ کرینگے کیونکہ ہمکو اگلے لوگونکا اتباع کافی و وافی ہے الخ اور لکھنا حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کا بوقت
استفسار مرزا حسام الدین درباب مولود شریف کے مکتوب ۷۲ و ۷۳ میں اگر فرضاً آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم اس عالم دنیا میں زندہ ہوتے اس اجتماع کو پسند فرماتے یا نہیں نزدیک فقیر کے یہ ہے کہ ہرگز
اس امر کو جائز نہ فرماتے بلکہ انکار فرماتے۔ پس دیکھنے تحریرات ان حضرات المتقدمین و متاخرین کی
سے ثابت ہوا کہ یہ مجلس ایسی صورت پر جو تکلفات کئے جاتے ہیں اور اُس میں قیام کو بھی بوقت
بیان ولادت جائز رکھتے ہیں ہرگز ہرگز نہ ہونا چاہیے بیشک بدعت ہے۔ غرضکہ جو کچھ تردد و شک مجھکو تھا
بالکل رفع ہوگیا اب کچھ شک و شبہہ باقی نہیں رہا ایسا ہی حال ہے رسوم سیوم و چہلم وغیرہ کا
اور بُرا کہنا مولوی محمد اسمٰعیل صاحب شہید فی سبیل اللہ کو اور اُن کی کتاب کو

گویا اپنی قبر میں انگارے بھرتا ہیں۔ فقط

مہر مولوی محمد ہاشم

چونکہ فیصلہ ہفت مسئلہ سے لوگوں کو سخت دھوکہ لگا ہے اسلئے وہ ضمیمہ جو حضرت کاتب فیصلہ نے بعد میں شائع فرمایا ہے ہدیۂ ناظرین ہے۔

ضمیمہ فیصلہ ہفت مسئلہ

بعد الحمد و الصلوٰۃ اشرف علی تھانوی خادم آستانہ حضرت شیخ المشائخ سید السادات مولانا و مرشدنا ابو الفضل الحاج الشاہ محمد امداد اللہ صاحب ضوعفت برکاتہم اپنے پیر بھائیوں اور دیگر ناظرین فیصلہ ہفت مسئلہ کی خدمت میں عرض رسا ہے کہ رسالہ فیصلہ ہفت مسئلہ جو باعث اسکے بوجہ ضعف قویٰ جسمانیہ حضرت ممدوح کو خود قلم مبارک سے لکھنے میں تکلف ہوتا ہے بحکم حضرت ممدوح بعبارت اس خادم کے بغرض محاکمہ بعض مسائل تحریر ہو کر تقریباً عرصہ چار سال کا ہوا کہ شائع ہوا ہے چونکہ بعض صاحبوں کو اسکے مقصود اصلی سمجھنے میں غلطی ہوئی اور حضرت ممدوح کو علے الاطلاق ان اعمال وغیرہا کا مجوز قرار دیا جو بالکل خلاف واقع ہے اسلئے محض خیر خواہی کی نظر سے حضرت صاحب کی غرض اور تحقیق کا اظہار ضروری سمجھ کر اطلاع عام دیتا ہوں تاکہ مجکو حق پوشی کے گناہ سے اور دوسرے صاحبوں کو التباس و اشتباہ سے نجات ہو ظاہر ہے کہ یہ امور و اعمال جس ہیئت و کیفیت سے مروج و شائع ہیں اکثر عوام بالخصوص جہلاء ہندوستان اسکے سبب انواع انواع مفاسد اعتقادی و عملی میں مبتلا ہو جاتے ہیں جنکا تجربہ و مشاہدہ ہر عاقل فہیم کر سکتا ہے مثلاً مولد میں بعض قیود کو موکد سمجھنا اور ترک قیود سے دل تنگ ہونا ایصال ثواب کے طرق میں علاوہ تاکد قیود کے اگر اولیاء کی روح کو ہو تو ان کو حاجت روا سمجھنا اور ترک التزام میں ان سے ضرر رسانی کا خوف کرنا اور اگر عام اقارب کی روح کو ہو تو اکثر قصد نام آوری ہونا اور طعن و تشنیع سے ڈرنا اور سماع میں زیادہ مجمع اہل لہو و باطل کا ہونا اور امارد و نساء سے اختلاط اعراس میں اول تو فساق و فجار کا مجمع ہونا اور یہ بھی نہ ہو تو اداء رسم کی ضرورت کو قرض دام کرنا پڑھنے والوں کا اکثر طعام و شیرینی کے لئے یا وجاہت داعی کی وجہ سے پڑھنا نداء غیر اللہ میں بعض کم فہموں کا منادی کو خبیر و قدیر جاننا کام پورا ہو جانے پر ان کو فاعل و متصرف سمجھنا جماعت ثانیہ سے اکثر جماعت اولیٰ میں سستی کرنا حقیر و ذلیل نہیں جماعت اولیٰ کو فوت کر دینا اور اسپر متاسف نہ ہونا اخیر کے مسئلوں میں باری تعالیٰ کے عجز کا اعتقاد کر لینا اور اسی طرح کے بہت سے مفاسد ہیں جنکی تفصیل استقراء و تتبع سے معلوم ہو سکتی ہے سو حضرت ممدوح ہرگز ہرگز ان مفاسد کو یا ان کے مقدمات و اسباب کو جائز نہیں فرماتے حضرت ممدوح پر ایسا گمان کرکے علی الاطلاق ان امور کے جواز پر تمسک کرنا یا حضرت ممدوح سے سوء عقیدت کر لینا حضرت ممدوح کی کمال اتباع شریعت اور آپکی تقریر دلپذیر کی غرض سے ناواقفی پر مبنی ہے ارشاد حضرت ممدوح کا یہ ہے کہ جس شد و مد کے ساتھ یہ امور لوگوں میں شائع ہیں وہ بدعت ہیں کیونکہ اس

رسالہ میں مصرح ہی کہ غیر دین کو دین میں داخل کرنا بدعت ہی سو جو لوگ ان قیود کو جو فی نفسہ مباح ہیں مؤکد کرتے ہیں وہی غیر دین کو دین میں داخل کرنے والے ہیں اس مرتبہ میں مانعین حق پر ہیں اور بلا التزام قیود در سم ولزوم مفاسد احیانا کر لینا اور احیانا نہ کرنا یہ مباح ہی اسکو حرام کہنا مانعین کا تشدد ہی اس مرتبہ میں جواز حق ہی بایں معنی دونوں کو آپنے حق پر فرمایا چنانچہ بعض اکابر مخصوصین کے پاس جو حضرت ممدوح کا والا نامہ مُہری آیا تھا اُس میں یہ لفظ موجود ہیں کہ نفس ذکر مندوب اور قیود بدعت ہیں اسیطرح دیگر باقی مسائل ہیں تفصیل ہی جو اصول شرعیہ میں غور کرنے سے مفہوم ہو سکتی ہی۔ اس توضیح کے بعد کسی کو اشتباہ والتباس کا محل باقی نہیں رہتا اگر رسالہ ہذا کی کوئی عبارت اس تقریر مذکور کے خلاف پائی جاوے وہ اس خادم کی عبارت کا قصور سمجھا جاوے اور حضرت صاحب دامت فیوضہم وبرکاتہم کو بالکل مبرا اور منزہ اعتقاد کیا جاوے۔ وما علینا الا البلاغ

ربیع الاول ۱۳۱۶ھ

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کی تصنیفات | قیمت

قبلہ نما۔ آریوں کے اعتراض کا جواب نہایت تحقیق اور علمی بحث خانہ کعبہ اور قبلہ کی نسبت ۵ر

مباحثہ شاہجہانپور۔ تمام مذاہب باطلہ کی تردید ۰۶ر

میلہ خداشناسی۔ ایک مباحثہ کی عجیب کیفیت۔ ۰۲ر

تحفہ لحمیہ۔ گوشت کھانیکا عقلی ثبوت ۰ر

حجۃ الاسلام۔ اعلی قسم کا طبع کرایا گیا ہے نہایت لطیف تقریر حقانیت اسلام وفضائل نبوی ۶ر

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب کی تصانیف

ضیاء القلوب۔ ذکر اشغال مراقبہ مجاہدہ وغیرہ متعلق تصوف بزبان فارسی ۳ر

غذاے روح۔ پر درد نظم عاشقانہ ۲ر

گلزار معرفت مع قصیدہ منظوم | قیمت ۲ر

مثنوی تحفۃ العشاق ۱ر

ارشاد مرشد ضروری اشغال ووظائف ۰ر

دردنامہ غمناک عاشقان الہی کی زبان ۔

کلیات امدادیہ۔ اسمیں حضرت کی تمام مندرجہ بالا تصانیف موجود ہیں کم درجہ کاغذ ۸ عمدہ کاغذ ۱۰ر

حضرت مولانا رشید احمد صاحب کی تصانیف

زبدۃ المناسک۔ مسائل و احکام حج کا ضروری کارآمد معتبر بیان چھوٹی تقطیع پر چھپا ہے ۰ر

البراہین قاطعہ۔ انوار ساطعہ کا جواب ہی تمام ناجائز رسوم وبدعات کی تردید اور جملہ اعتراضات کا جواب نہایت علمی تحقیق سے دیا ہی ۰۳ر

سبیل الرشاد۔ تقلید وغیرہ کا ذکر اور صحابہ کے اختلاف کا حال نہایت انصاف سے لکھا ہے | قیمت ۱ر

میلاد شریف کے متعلق بزرگوں کا ۔۔ ۱ر

رسالہ جمعہ۔ یعنی چھوٹے دیہات میں جمعہ جائز نہیں علمی بیان ہی اور عام فہم نہیں ۱ر

ہدایۃ المعتدی۔ امام کے پیچھے الحمد پڑھنے کی ممانعت احادیث سے علمی بیان ہی ۰۲ر

ان تینوں حضرات کی باقی تصانیف اور حضرت مولانا اشرف علی صاحب وحضرت مولانا محمود حسن صاحب مدظلہم کی جملہ تصانیف اور مفصل فہرست موجود ہیں۔ ۱۲ر

Ahmad 'Ali Saharanpuri
Fatava milad sharif